**AQF / Adeel**

**06-09-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کے شہر سورت میں ''جل سنچیہ جَن بھاگیداری'' پہل کا آغاز کریں گے۔

2 سائنس سے متعلق بین الاقوامی جریدے **Nature** میں شائع ایک جائزے میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں ''سووچھ بھارت مشن'' کی بدولت **2011** اور **2020** کے درمیان سالانہ **60** سے **70** ہزار نوزائیدہ بچوں کی اموات کو روکا جاسکا ہے۔

3 بی جے پی نے جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے والے اپنے **40** سرکردہ رہنماؤں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

4 زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ آندھراپردیش میں سیلاب کی وجہ سے ایک لاکھ **80** ہزار ہیکٹیئر آراضی میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جس سے **2** لاکھ کسان متاثر ہوئے ہیں۔

5 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کا برونائی اور سنگاپور کا دورہ مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی میں ایک نمایاں قدم ہے۔

6 اور کپل پرمار نے **Judo** میں بھارت کیلئے اولین پیرالمپک تمغہ جیتا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-JAL SANCHAY**

وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے گجرات کے شہر سورت میں ''جل سنچیہ جَن بھاگیداری'' پہل کا آغاز کریں گے۔ اِس پہل کے علاوہ ''جل شکتی ابھیان'' بارش کے پانی کو بچا کر رکھنے کی مہم بھی جاری ہے، جس سے طویل مدت کیلئے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی خاطر اشتراک پر مبنی پانی کے بندوبست سے متعلق جناب مودی کے نظریے کو تقویت

ملتی ہے۔ مذکورہ پہل کا مقصد بارش کے پانی کو بچا کر رکھنے کے ذخیروں پر عمل درآمد کیلئے گجرات میں لوگوں، مقامی اداروں، صنعتوں اور متعلقہ افراد کو تیار کرنا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC- Pallavi- Aparna Gujrat

*گجرات سرکار کے سرکردہ رول کے ساتھ ''جل سنچیہ'' پہل کی کامیابی کے بعد جل شکتی محکمے کی وزارت گجرات سرکار کے اشتراک سے ریاست میں جل سنچیہ جن بھاگیداری پہل کا آغاز کررہی ہے۔ مذکورہ پہل کے تحت بارش کے پانی کو بچا کر رکھنے میں لوگ، مقامی ادارے ، صنعتی اور دیگر متعلقہ افراد شامل ہوں گے تاکہ مستقبل میں پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس پروگرام کے تحت گجرات میں اجتماعی ساجھیداری کے ساتھ بارش کے پانی کو بچا کر رکھنے کے تقریباً 24 ہزار 800 ذخائر تعمیر کئے جارہے ہیں۔ اُدھر جل شکتی محکمے کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل اور گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل سورت شہر سے اِس پہل کا آغاز کریں گے۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔*

## SWACHH BHARAT MISSION

سائنس سے متعلق ایک سرکردہ بین الاقوامی جریدے Nature میں شائع ایک جائزے میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے اہم پروجیکٹ ''سووچھ بھارت مشن'' سے بھارت میں 2011 اور 2020 کے درمیان سالانہ تقریباً 60 ہزار سے لے کر 70 ہزار نوزائیدہ بچوں کی جان بچانے میں مدد ملی ہے۔ مختلف اداروں کے تحقیق کاروں نے بھارت میں ''سووچھ بھارت مشن'' اور پانچ سال سے کم عمر کے نوزائیدہ بچوں کی شرحِ اموات کے درمیان تعلق کا پتہ لگانے کیلئے ایک ابتدائی نوعیت کا تجرباتی مطالعہ کیا تھا۔ اِن اداروں میں انٹرنیشنل فوڈ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، کیلیفورنیا یونیورسٹی اور Ohio State یونیورسٹی شامل ہیں۔

اِن اداروں نے 2011 اور 2020 کے درمیان ملک کی 35 ریاستوں کے 640 ضلعوں میں نوزائیدہ بچوں کی اموات اور پانچ سال سے کم عمر بچوں کی شرحِ اموات سے متعلق اعداد و شمار کا جائزہ لیا۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں ''سووچھ بھارت مشن'' کے بعد سابقہ برسوں کے مقابلے نوزائیدہ بچوں اور دیگر بچوں کی شرح اموات میں تیزی کے ساتھ کمی آئی ہے۔ مقالے کی مصنفہ Soyra Gune نے کہا ہے کہ اُن کے مطالعے سے اِس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ پانی اور صفائی ستھرائی کے بہتر حالات کی بدولت خاص طور پر بھارت جیسے ملکوں میں نوزائیدہ بچوں کی شرحِ اموات کم ہوسکتی ہیں، جہاں کھلے میں رفع حاجت کا طریقہ بہت زیادہ تھا۔

اِدھر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُنہیں اِس بات پر خوشی ہے کہ مذکورہ تحقیق میں سووچھ بھارت مشن جیسی

کوشش کے اثر کو اجاگر کیا گیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ نوزائیدہ بچوں اور دیگر بچوں کی شرحِ اموات کم کرنے میں مناسب بیت الخلاء کی فراہمی کا ایک اہم رول ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صفائی ستھرائی کے صحیح طریقے سے صحتِ عامہ کیلئے ایک بڑی تبدیلی لائی جاسکتی ہے اور انہیں اِس بات پر خوشی ہے کہ بھارت نے اِس سلسلے میں سرکردہ رول ادا کیا ہے۔ شہری علاقوں میں کھلے میں رفع حاجت کے سلسلے کو پوری طرح ختم کرنے کیلئے 2014 میں سووچھ بھارت مشن کا آغاز کیا گیا تھا۔

**BJP STAR CAMPAIGNERS**

بھارتیہ جنتا پارٹی نے جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے والے اپنے 40 سرکردہ رہنماؤں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ اِن میں وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، بی جے پی صدر جے پی نڈا اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ شامل ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 25 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔ اِس کے علاوہ بی جے پی کے کئی دیگر سرکردہ لیڈر بھی پارٹی کی چناؤ مہم میں شامل ہوں گے۔ اِن میں مرکزی وزیر نتن گڈکری، منوہر لال کھٹر، جی کشن ریڈی، جتیندر سنگھ اور شیوراج سنگھ چوہان شامل ہیں۔ 90 ارکان پر مشتمل جموں کشمیر اسمبلی کے انتخابات تین مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ پہلے مرحلے کی پولنگ اِس مہینے کی 18 تاریخ کو ہوگی۔ اِس کے بعد 25 ستمبر اور پہلی اکتوبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 8 اکتوبر کو ہوگی۔

**J&K NOMINATION**

جموں وکشمیر میں 6 ضلعوں کے 26 اسمبلی حلقوں میں 310 امیدواروں نے اپنے پرچہ نامزدگی داخل کئے ہیں، جہاں دوسرے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 25 ستمبر کو دوسرے مرحلے کے تحت ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن تھا۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات کیلئے کُل 310 امیدواروں نے 329 نامزدگی کے پرچے داخل کئے ہیں۔ سری نگر ضلع سے کُل 112 امیدواروں نے اپنے پرچہ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ بڈگام سے 68، راجوری سے 47، پونچھ سے 35، جبکہ ریاسی اور گاندربل اضلاع سے 24-24 امیدواروں نے نامزدگی کے پرچے داخل کئے ہیں۔×

**CHOUHAN FLOOD**

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ابتدائی تخمینے کے مطابق آندھراپردیش میں سیلاب کی وجہ سے ایک لاکھ 80 ہزار ہیکٹیئر آراضی میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جس سے تقریباً 2 لاکھ کسان متاثر ہوئے ہیں۔انہوں نے

کہا کہ خاص طور پر پھولوں اور ہلدی کی فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ جناب چوہان سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آندھراپردیش اور تلنگانہ کے دو دن کے دورے پر گئے ہوئے ہیں۔ زراعت کے وزیر نے نقصانات کا جائزہ مکمل ہونے کے بعد مرکزی سرکار کی طرف سے اِن دونوں ریاستوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ NDRF کی ٹیمیں اور محکمۂ زراعت کے اہلکار نقصانات کا تخمینہ لگا رہے ہیں۔

جناب چوہان نے کہا کہ مرکزی سرکار معمول کے حالات بحال کرنے اور فصلوں نیز گھر کے سامان کو نقصان پہنچنے کے تناظر میں معاوضہ فراہم کرنے میں معاونت کرے گی۔ آندھراپردیش میں وزیر موصوف نے وجے واڑہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا اور دریائے کرشنا کے نزدیک واقع کھیتوں کو ہونے والے نقصان اور پرکاشم بیراج ڈیم کا معائنہ کیا۔ مرکزی وزیر نے Jakkampudi کے مقام پر پانی میں اتر کر کسانوں اور مقامی باشندوں سے بات کی۔ انہوں نے NDRF کی ٹیموں اور اہلکاروں کے ساتھ سیلاب کی صورتحال کا جائزہ بھی لیا۔ جناب شیو راج سنگھ چوہان آج سیلاب سے متاثرہ Khammam ضلع اور تلنگانہ کے دیگر علاقوں کا دورہ کریں گے۔x

**GOVT INSURANCE COMPANY**

آندھراپردیش اور تلنگانہ میں شدید بارش اور سیلاب کے مدِنظر مرکزی وزارتِ خزانہ نے سرکاری ملکیت کی بیمہ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی بھرپور مدد کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت نے کہا ہے کہ بیمہ کمپنیوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ خصوصی کیمپوں کا انعقاد کرکے اور دعووَں کو نمٹانے کے عمل کو سہل بنا کر متعلقہ دعووَں کو تیزی کے ساتھ نمٹائیں۔

بیمہ کمپنیوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اُن Nodal افسروں کے ناموں اور رابطہ نمبروں کو وسیع پیمانے پر مشتہر کریں جن سے پالیسی رکھنے والے افراد رجوع کرسکیں۔ خزانے کی وزارت نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے قدرتی آفت سے متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے اور اِس بات کو یقینی بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے کہ انھیں جلد سے جلد ضروری امداد مل جائے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**JAISHANKAR**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، وزیراعظم نریندر مودی کے برونئی اور سنگاپور کے دورے کو مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کیلئے انتہائی اہم قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا ایکس پر ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُن

کے یہ دورے دونوں جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے ساتھ سفارتی اور اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے کے طور پر دیکھے جارہے ہیں۔ برونئی دورے میں ایک اہم پیش رفت یہ ہوئی ہے کہ بھارت برونئی تعلقات کو بڑھتی ہوئی شراکت داری تک وسعت دی گئی۔ یہ ایسے وقت ہوا ہے کہ جب دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی رشتوں کے 40 سال مکمل ہونے کا تاریخی موقع ہے۔

سنگاپور کے دورے کے تحت دوطرفہ تعلقات کو جامع کلیدی شراکت داری تک وسعت دی گئی، جس سے اشتراک کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ جناب مودی نے سنگاپور کے دورے کے تحت سیمی کنڈکٹر کے ایک ٹیسٹنگ سینٹر کا بھی دورہ کیا، جس سے شراکت داری میں ٹیکنالوجی اور اختراع کی بڑھتی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔×

**PUTIN-INDIA**

روسی صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ بھارت، برازیل اور چین یوکرین جنگ کے سلسلے میں امکانی امن بات چیت میں ثالث کا رول ادا کرسکتے ہیں۔ مشرقی اقتصادی فورم کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے روسی صدر نے کہا کہ بھارت، برازیل اور چین کے رہنما یوکرین میں صورتحال کے حل کی خاطر سنجیدہ کوششیں کررہے ہیں۔ جناب پوتن نے کہا کہ وہ یوکرین جنگ کے حوالے سے بھارت، چین اور برازیل کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں، کیونکہ یہ ممالک جنگ سے متعلق سبھی معاملات کے حل کیلئے سنجیدہ ہیں۔ جناب پوتن کا یہ بیان وزیراعظم نریندر مودی کے مہینوں پہلے ماسکو کے دورے اور یوکرین کے حالیہ دورے کے بعد سامنے آیا ہے، جہاں انہوں نے روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ پر بھارت کے موقف کو دہرایا تھا اور کہا تھا کہ بھارت ہمیشہ امن کا خواہاں ہے۔×

**PARALYMPICS**

پیرس پیرالمپکس 2024 میں کُل بھارت کے Kapil Parmar نے مردوں کے J1، 60 کلو گرام پیرا جوڈو مقابلے میں برازیل کے Elielton de Oliveira کو دَس-صفر سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔ یہ جوڈو میں بھارت کا اب تک کا پہلا پیرالمپکس تمغہ ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Kapil Parmar کو، اُن کے تاریخی میڈل پر مبارک باد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ کپل نے مشکل حالات کو عبور کیا اور پیرالمپکس میں جوڈو میں تمغہ جیتنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھی کپل کو مبارک باد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب دھنکھڑ نے کہا کہ یہ عزم اور ہنر کے ساتھ ساتھ سنجیدہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بھی Kapil Parmar کو مبارک باد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیراعظم نے

کہا کہ یہ کھیل میں ایک بہت یادگار کارکردگی ہے اور ایک خاص تمغہ ہے۔ بھارت اِس وقت تمغوں کی فہرست میں 25 تمغوں کے ساتھ 16 ویں مقام پر ہے۔ بھارت نے اب تک سونے کے پانچ، چاندی کے 9 اور کانسے کے 11 تمغے جیتے ہیں۔

آج پیرالمپکس کے 9 ویں دن بھارتی کھلاڑی آتھلیٹکس اور پاور لفٹنگ میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے چار پانچ روز کے دوران ملک کے مغربی اور وسطی حصوں میں اوسط سے شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اس ماہ کی 11 تاریخ تک چھتیس گڑھ، مدھیہ مہاراشٹر، کونکن اور گوا، سوراشٹر اور کچھ، گجرات، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں کہیں کہیں شدید بارش کا بہت زیادہ امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے 9 ستمبر تک تلنگانہ، ساحلی کرناٹک، ساحلی آندھراپردیش اور Yanam میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ راجستھان، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اگلے دو روز تک اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ شمال مشرقی بھارت، انڈمان نکوبار جزائر، اڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگالہ اور سکم میں دور دور تک اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ اس ہفتے کے دوران گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، بہار اور جھارکھنڈ میں بھی اوسط بارش کا امکان ہے۔×

## TELANGANA RAIN

تلنگانہ میں شدید بارش کے بعد ریاست کے مختلف حصوں کو سیلاب کی سنگین صورتحال کا سامنا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ پانچ روز میں مزید بارش کے امکان کے مدنظر خطے میں اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ مختصر مدت کیلئے موسلادھار بارش سے کچھ راحت کے بعد خطے میں پھر موسم کے ایسے حالات پیدا ہورہے ہیں، جس کے زیر اثر کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ اس سے پہلے ریاست میں بارش سے سڑکوں کو نقصان پہنچا، ریلوے خدمات میں رخنہ پڑا اور فارمس میں پانی بھر گیا۔ محکمہ موسمیات نے کُل جے شنکر Bhupalpally اور Mulugu اضلاع کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ ریاست کے زیادہ تر حصوں میں پیر تک کیلئے شدید بارش کے ساتھ ساتھ گرج چمک اور ہوا کے تیز جھکڑ کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔×

## TELANGANA MAOISTS

تلنگانہ کے Bhadradri kothagudem ضلع میں Mothe گاؤں کے نزدیک جنگلاتی علاقے میں پولیس کے ساتھ آمنے سامنے کی فائرنگ میں ممنوعہ CPI (ماؤنواز) کے 6 کارکن ہلاک ہوگئے۔ اُن میں دو خواتین بھی شامل ہیں۔ پولیس نے بتایا ہے کہ تلنگانہ پولیس کی نکسل مخالف فورس Grey Hounds کے دو کمانڈوز بھی آمنے سامنے کی فائرنگ میں

زخمی ہوگئے، جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

پولیس نے پانچ ہتھیار برآمد کئے ہیں، جن میں دو اے کے 47 رائل، ایک ایک SLR/ اعشاریہ 303 رائفل اور ایک پستول کے ساتھ ساتھ آمنے سامنے کی فائرنگ کی جگہ سے دھماکہ خیز مادے کے کار آمد Kit Bags اور دیگر سازوسامان شامل ہے۔ مزید تحقیقات کے ساتھ ساتھ شناخت کئے جانے کا عمل جاری ہے۔×

**AYUSH EXAM**

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے آیوش کیلئے National Exit Test (NExT) کا اعلان کیا ہے، جس کا اطلاق 2021-22 سے آگے کے Batch سے ہوگا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب جادھو نے کہا کہ اس سلسلے میں طلباء کی تشویش کا جائزہ لینے کیلئے قائم کی گئی کمیٹی کی سفارشات پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ ادویات سے متعلق بھارتی نظام کے قومی کمیشن اور ہومیوپیتھی ایکٹ سے متعلق قومی کمیشن کے تحت تعلیمی سال 2021-22 میں، جن طلباء کا اندراج ہوا ہے، اُن پر NExT لاگو ہوگا۔

جے پور کے آیوروید کے قومی ادارے کے وائس چانسلر پروفیسر سنجیو شرما اس کمیٹی کے سربراہ تھے، جنہوں نے طلباء کے مشوروں کا جائزہ لیا اور وزارت کو سفارشات پیش کیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ -شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے بھارت اور سنگاپور کے درمیان چار معاہدوں پر دستخط ہونے کی خبر کو پیش کرتے ہوئے وزیراعظم کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ سنگاپور ہر ترقی پذیر ملک کیلئے ایک تحریک ہے۔ جبکہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے کہ وزیراعظم نے سنگاپور کی سیمی کنڈکٹر کمپنی AEM کا دورہ کیا۔

اسی اخبار نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ افواج غیر متوقع اور چیلنج بھرے حالات سے نمٹنے کیلئے تیار رہیں۔ بھارت سعودی عرب کی دفاعی تعاون کی مشترکہ کمیٹی کی چھٹی میٹنگ منعقد کی گئی۔ دونوں ممالک نے دیرینہ اور

کثیر جہتی دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کیلئے نئی راہیں تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا، اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحہ کی سرخی بنایا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل اساتذہ کے قومی دن کے موقع پر اساتذہ کو نیشنل ٹیچر ایوارڈ سے سرفراز کیا، اس خبر کو سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے۔ ساتھ ہی اخباروں نے سابق صدر جمہوریہ اور بھارت رتن یافتہ ڈاکٹر سروپلّی رادھا کرشنن کی 136 ویں یوم پیدائش کی تقریب مختلف تعلیمی اداروں میں منائے جانے کی خبر کو بھی پیش کیا ہے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کا یہ بیان بھی کئی اخباروں میں ہے کہ آج کی جدید دنیا میں اساتذہ کا رول اور بڑھ گیا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کے شہر سورت میں ''جل سنچیہ جن بھاگیداری'' پہل کا آغاز کریں گے۔

2 سائنس سے متعلق بین الاقوامی جریدے Nature میں شائع ایک جائزے میں کہا گیا ہے کہ بھارت میں ''سووچھ بھارت مشن'' کی بدولت 2011 اور 2020 کے درمیان سالانہ 60 سے 70 ہزار نوزائیدہ بچوں کی اموات کو روکا جاسکا ہے۔

3 بی جے پی نے جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے والے اپنے 40 سرکردہ رہنماؤں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

4 زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ آندھراپردیش میں سیلاب کی وجہ سے ایک لاکھ 80 ہزار ہیکٹیئر آراضی میں فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، جس سے 2 لاکھ کسان متاثر ہوئے ہیں۔

5 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کا برونائی اور سنگاپور کا دورہ مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی میں ایک نمایاں قدم ہے۔

6 اورکپل پرمار نے Judo میں بھارت کیلئے اولین پیرالمپک تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------